Total Pages : 2

ENTRANCE EXAMINATION, 2013

M.Phil./Ph.D. URDU

[Field of Study Code : URDP (128)]

Time Allowed : 3 hours *Maximum Marks* : 70

نوٹ : تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ سبھی سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

1۔ اردو زبان کی ابتداء کے بارے میں آپ کس نظریئے سے متفق ہیں؟ مدلل لکھیے۔

یا

اردو زبان و ادب کے فروغ میں ریاست بیجاپور کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

2۔ ' قصائد سوداؔ ' کی نمایاں خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

یا

مرثیہ کے اجزائے ترکیبی بیان کرتے ہوئے انیسؔ کی مرثیہ نگاری پر ایک جامع مضمون لکھیے۔

3۔ ' حلقۂ ارباب ذوق ' کا طریقۂ اظہار ، ترقی پسند تحریک کے طریقۂ اظہار سے کس طرح مختلف ہے ؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

نفسیاتی تنقید کے اساسی نکات سے بحث کیجئے۔

4۔ ' سب رس ' کی فنی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

یا

' قطب مشتری ' کے فنی محاسن بیان کیجئے۔

[P. T. O.

5۔ داستان کی تعریف کرتے ہوئے 'فسانۂ عجائب' کے اسلوب پر روشنی ڈالیے۔

یا

'فسانۂ آزاد' کے تہذیبی عناصر اور اسلوب سے بحث کیجئے۔

6۔ سرسید کی صحافتی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

یا

آغا حشر کے ڈراموں کی خوبیوں اور خامیوں سے بحث کیجئے۔

7۔ درج ذیل عناوین میں سے کسی ایک پر مختصر مگر جامع مضمون لکھئے :

(الف) ہمعصر اردو افسانہ

(ب) ہمعصر اردو نظم

(ج) ہمعصر اردو تنقید

★★★